| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری پہلا ہفتہ | موضوع: | حرف 'ا' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ا' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت، بناوٹ سے حرف 'ا' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ا' سے شروع ہونے والے الفاظ کو پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ''حروف تہجی اُردو کے'' نظم سنائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ا' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا۔ حرف 'ا' ہمیشہ سیدھا اور لمبا کھڑا رہتا ہے۔ حرف 'ا' اپنے سے بعد میں آنے والے حروف کے ساتھ نہیں ملتا۔ اس لیے اس کی کوئی آدھی شکل نہیں ہوتی۔ 'ا' حروف تہجی کا پہلا حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ا' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور 'ا' کے ذخیرہ الفاظ امی، ابو، انگور، اور اخبار فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔ تختہ سیاہ/سفید پر ایک لکیر کھینچی جائے گی۔ جس پر حرف 'ا' لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'ا' لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 7 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ا' پر انگلی پھیرنے اور تصاویر کے ذریعے اس سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے۔ بچوں کو کتاب صفحہ 8 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں۔ دی گئی تمام تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ اور حرف 'ا' کو اس سے بننے والے الفاظ سے لکھنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔<br>بچوں کو حرف 'ا' کے کٹ آؤٹس اور مختلف رنگ دیئے جائیں گے۔ بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'ا' میں انگلی کی مدد سے مختلف رنگ بھریں۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف 'ا' کی آواز باری باری پوچھی جائے گی۔ 'ا' سے شروع ہونے والے بچوں کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>حرف 'ا' کٹ آؤٹس پوسٹر کلرز<br>کتاب صفحہ 7,8 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ا' کی پہچان، آواز بناوٹ اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری پہلا ہفتہ | موضوع: | حرف 'ا' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ا' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت ، بناوٹ سے حرف 'ا' لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو "حروف تہجی اردو کے" نظم سنائی جائے گی اور حرف 'ا' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ا' کی پہچان ، آواز بناوٹ اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو استری کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ استری ہے؟ استری کو ہم کس لیے استعمال کرتے ہیں؟ کیا آپ کے کھلونوں میں استری ہے؟۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ استری کی ابتدائی آواز 'ا' کی ہے۔ بچوں سے ہوا میں یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے 'ا' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی تا کہ بچوں کا ہاتھ اوپر سے نیچے رواں ہو جائے۔ | 10 منٹ | | |
| حرف 'ا' سے شروع ہونے والے الفاظ کو پہچان سکیں۔ | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'ا' کو مختلف جگہوں پر لکھے جیسا کہ میز، دوست کی کمر، اپنے ہاتھ، پیشانی وغیرہ پر۔ Salt tray پر 'ا' کی مشق کروائی جائے گی۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 9 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو درست طریقے سے 'ا' پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ<br>9<br>Salt Tray | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ/ سفید پر لکیر کھینچ کر بچوں سے باری باری حرف 'ا' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ نمبر 10 کیجیے۔ | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری پہلا ہفتہ | موضوع: | حرف 'آ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'آ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت / بناوٹ سے 'آ' لکھ سکیں۔ حرف 'آ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ''حروف تہجی اردو کے'' نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ 'ا' کی چھوٹی شکل ہوتی ہے یا نہیں۔ اور حرف 'ا' کے فلیش کارڈ کے ذریعے اُس کی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'آ' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'آ' ہے اُس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'آ' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'آ' کے ذخیرہ الفاظ (آلو، آنکھ، آری، آگ) کے بارے میں جانیں گے بچوں کو بتایا جائے گا کہ اس کی شکل 'ا' جیسی ہے مگر اس پر ایک مد آتی ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حروف تہجی کا دوسرا حرف ہے تختہ سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی جس پر بچوں کو حرف 'آ' لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'آ' لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو آڑو کے کٹ آؤٹس دے کر بتایا جائے گا کہ یہ آڑو ہے۔ آڑو ایک پھل ہے اس کی ابتدائی آواز 'آ' کی ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آڑو کا رنگ پیلا ہوتا ہے۔ بچوں سے کٹ آؤٹس میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو کتاب صفحہ 11 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'آ' پر انگلی پھیرنے اور تصاویر کے ذریعے اس سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے۔ کتاب صفحہ 12 پر حرف 'آ' کو اس سے بننے والے الفاظ سے ملانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں کو حرف 'آ' کا درست تلفظ، آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br><br>آڑو<br>کٹ آؤٹس<br>کتاب<br>صفحہ<br>11،12 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'آ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری پہلا ہفتہ | موضوع: | حرف ’آ‘ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’آ‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت / بناوٹ سے ’آ‘ لکھ سکیں۔ حرف ’آ‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف ’آ‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’آ‘ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو ’آ‘ کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ / پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو ’آلو‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ ’آلو‘ ہے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آلو سبزی ہے یا پھل اُن کو آلو سے بنی ہوئی کون سے چیزیں پسند ہیں؟۔ بچوں سے ہوا میں انگلی کی مدد سے ’آ‘ لکھنے کی مشق کروائی جائے گی تا کہ بچوں کا ہاتھ اوپر سے نیچے رواں ہوجائے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سفید / سیاہ پر مختلف پھلوں (انار، آڑو، آم، انناس، آلو بخارا) کی تصاویر چپکائی جائے گی اور باری باری ہر بچے کو بلا کر حرف ’آ‘ سے شروع ہونے والے پھلوں کی نشاندہی کرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو کتاب صفحہ 13 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو درست طریقے سے ’آ‘ پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کرسکیں۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے آلو، آڑو، آم کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ بچوں سے پوچھا جائے کہ ’آ‘ کی چھوٹی شکل ہوتی ہے یا نہیں۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری پہلا ہفتہ | موضوع: | حرف ا، آ | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ا، آ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت / بناوٹ سے 'ا، آ' لکھ سکیں۔ حرف 'ا، آ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ا' اور 'آ' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ا' اور 'آ' کی دہرائی کریں گے۔ 'ا' اور 'آ' کے مزید الفاظ جانیں گے۔<br>پہلے 'ا' کے الفاظ (اخروٹ، انار، استری، انگوٹھا) کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔ پھر 'آ' کے الفاظ (آنسوں، آٹا، آندھی، آدمی) کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔<br>بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'آ' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 14 پر 'آ' پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ا' اور 'آ' کی صوتی آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر حرف 'ا'، 'آ' لکھیے۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | فلیش کارڈ<br>حرف<br>اور اشیاء<br>کتاب<br>صفحہ<br>14 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ا'، 'آ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |